# 26-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلگوفلم صنعت کے مسائل کا جائزہ لینے کے لئے ریاستی حکومت نے ایک اور کابینی سب کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر سائنس اور تکنالوجی ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت قدرتی آفات سے چوکنا کرنے کے شعبہ میں عالمی لیڈر بن کرابھرا ہے۔

۳۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے آج نارائن پیٹ ضلع کے مکتل ضلع کا دورہ کیا۔

اور

۴۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج دہلی میں 17 بچوں کو سات مختلف زمروں میں ان کی غیر معمولی کامیابیوں کیلئے پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار پیش کئے۔

○○

تلگوفلم صنعت کے مسائل کا جائزہ لینے کے لئے ریاستی حکومت نے ایک اور کابینی سب کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔آج حیدرآباد میں فلم صنعت کی شخصیتوں کے ساتھ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے اجلاس کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا۔ایک گھنٹہ طویل اجلاس میں مختلف مسائل پر غور وخوص کیا گیا۔ چیف منسٹر نے فلمی صنعت کے نمائندوں سے کہا کہ وہ صنعت کو درپیش مسائل کے جائزہ کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت کے لئے فلمی صنعت بھی مساوی اہمیت رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ تلگوفلم صنعت کا ایک برانڈ بنانے کی ضرورت ہے۔فلمی شخصیتوں نے صنعت سے متعلق مسائل سے چیف منسٹر کو واقف کروایا۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد ملی جلی تہذیب والا بہترین شہر ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ بالی ووڈ اور ہالی ووڈ کو حیدرآباد لانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ دیگر فلمی صنعتوں کی توجہ مبذول کروانے کے لئے شہر میں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کرنے کا منصوبہ ہے۔ چیف منسٹر نے فلمی صنعت کے نمائندوں سے کہا کہ وہ منشیات سے نمٹنے کے لئے اور دیگر سماجی مسائل پر بیداری مہم کو فروغ دیں۔

○○

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی طاقت کی وجہ سے پوری دنیا امید اور توقعات کے ساتھ بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔دہلی میں آج بھارت منڈپم میں ویر بال دیوس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو طاقتور بنانے کی پالیسی پر سب سے زیادہ توجہ دے رہی ہے۔انہوں  نے کہا کہ اسٹارٹ اَپ ایکوسسٹم، خلائی معیشت، اسپورٹس، مینوفیکچرنگ انڈسٹری، ہنر مندی یا انٹرنس شپ اسکیموں کے لئے تمام پالیسیوں میں نوجوانوں کو مرکز بنایا گیا ہے۔ان پالیسیوں کا مقصد نوجوانوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج دہلی میں 17 بچوں کو سات مختلف زمروں میں ان کی غیر معمولی کامیابیوں کے لئے پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار پیش کئے۔ 14 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو آرٹ اور کلچر، بہادری، ایجادات، سائنس و تکنالوجی، سماجی خدمات، اسپورٹس اور ماحولیات میں ان کی کامیابیوں کے لئے ایوارڈس پیش کئے گئے۔ ہر ایوارڈ یافتہ بچے کو ایک میڈل، ایک سَرٹیفکیٹ اور ایک توصیف نامہ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ نے بچوں کی بہادری اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ایوارڈ پانے والے بچوں کو مبارکباد دیتے ہوئے صدر نے کہا کہ اُن کے کارنامے غیر معمولی اور حیرت انگیز ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار پانے والوں سے بات چیت کی۔

○○

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ اور سینئر ایم ایل اے ہریش راؤ کے بشمول پارٹی کے قائدین نے سینئر بی آر ایس لیڈر اور ایس سی ایس ٹی کمیشن کے سابق چیرمین ایرولا سرینواس کی گرفتاری کی مذمت کی ہے۔ انہیں آج صبح حیدرآباد کے ویسٹ ماریٹ پلی میں ان کے مکان سے گرفتار کیا گیا۔ بی آر ایس کے قائدین نے اسے اپوزیشن لیڈروں کے خلاف ہراسانی اور انہیں ڈرانے کی کوشش قرار دیا۔ راما راؤ نے کہا کہ دلتوں اور بہوجن طبقات سے کئے گئے وعدوں کی عدم تکمیل پر حکومت سے سوال کرنے پر بی آر ایس کے قائدین کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے سرینواس کی فوری رہائی اور سیاسی حریفوں کے خلاف جھوٹے مقدمات کے آلودہ کلچر کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔

○○

مرکزی مملکتی وزیر سائنس اور تکنالوجی ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت قدرتی آفات سے چوکنا کرنے کے شعبہ میں عالمی لیڈر بن کر ابھرا ہے اور وہ دیگر ملکوں کو بھی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد کے اِنکوائز میں 2004ء میں بحر ہند میں آئی سونامی کے 20 سال کی تکمیل کے موقع پر منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2004ء کی المناک سونامی کے بعد اِنکوائز کی بنیاد ڈالی گئی اور 2014ء کے بعد اِس نے تیزی سے ترقی کی۔ انہوں نے کہا کہ انکوائز دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا جدید ترین ادارہ بن گیا ہے۔ انہوں نے یاددہانی کرائی کہ 2004ء کی سونامی میں دنیا بھر میں 2 لاکھ 30 ہزار افراد ہلاک ہوئے تھے۔ ان میں سے 10 ہزار 749 بھارت میں ہلاک ہوئے۔ ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ اس المیہ سے کئی گرانقدر سبق سیکھے گئے اور اس کے بعد انقلابی پالیسیاں بنائی گئیں۔

○○

حیدرآباد ٹرافک پولیس نے آج وضاحت کی ہے کہ زیر التوا ٹرافک ای۔ چالان پر اس کی جانب سے رعایتوں کے بارے میں سوشیل میڈیا اور دیگر آن لائن پلاٹ فامس پر جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات پھیلائی جارہی ہیں۔ ایڈیشنل کمشنر آف پولیس ٹرافک وشوا پرساد نے ایک بیان میں وضاحت کی کہ زیر التوا ٹرافک ای۔ چالانوں پر کوئی رعایت نہیں دی جارہی ہے۔

○○

سی پی کے سکریٹری نارائنہ نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ فلموں کے فروغ میں ذمہ دارانہ موقف اختیار کرے۔انہوں نے کہا کہ بامعنی سماجی پیغام دینے والی فلموں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے اور ایسی فلموں کی حوصلہ شکنی ہونی چاہئے جس میں تشدد، عریانیت اور مجرمانہ سرگرمیوں کو نمایاں کر کے پیش کیا جاتا ہے۔میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سماجی پیغام والی فلموں کو اکثر باکس آفس پر چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نقصاندہ عنوانات والی فلموں کی مدد کر رہی ہے اور سماج کو مثبت پیغام دینے والی فلموں کو نظرانداز کر رہی ہے۔

○○

الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ 2024ء کے لوک سبھا انتخابات میں 64.64 کروڑ ووٹ ڈالے گئے۔مردوں کے مقابلہ خواتین میں زیادہ رائے دہی درج کی گئی۔خواتین کی رائے دہی 65.78 فیصد رہی۔یہ اعداد وشمار 42 رپورٹس کے سیٹ میں بتائی گئی ہیں جو آج الیکشن کمیشن نے جاری کی۔الیکشن کمیشن نے آندھراپردیش، اروناچل پردیش، اوڈیشہ اور سکم میں منعقدہ اسمبلی انتخابات کی 14 رپورٹس جاری کیں۔لوک سبھا 2024ء کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اِس سال تیسری صنف والے ووٹرس کی تعداد میں 23.5 فیصد کا اضافہ ہوا۔کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ اس اقدام سے عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔عوامی اعتماد بھارت کے جمہوری نظام کا اہم جز ہے۔

○○

حیدرآباد کے کئی علاقوں میں آج دوپہر گہری کہر چھا گئی۔ابر نے آسمان کو ڈھانک لیا۔ملک کے دفتر موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مطلع عام طور پر ابر آلود رہنے کی پیش قیاسی کی ہے۔آج صبح سے ہی شہر کے آسمان پر گہرے بادل چھا گئے۔بعض مقامات پر بوندہ باندی بھی ہوئی۔دفتر موسمیات نے ریاست کے چندمقامات پر کل ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کی پیش قیاسی کی ہے۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ نے گروپ I امتحانات کے سلسلہ میں چند امیدواروں کی جانب سے دائر کی گئی عرضیوں کو مسترد کر دیا ہے۔ ان عرضیوں میں مختلف امور پر تشویش ظاہر کی گئی تھی۔ان میں تحفظات کا مسئلہ بھی شامل تھا۔عرضی گزاروں نے ان معاملات میں عدالتی مداخلت کی درخواست کی تھی۔عرضی گزاروں نے عدالت سے درخواست کی تھی کہ وہ گروپ I امتحانات کے نتائج کے اعلان کو اس وقت تک روکنے کا حکم دیں جب تک کہ تحفظات سے متعلق معاملات کی یکسوئی نہیں ہو جاتی۔درخواست گزاروں نے متنازعہ امور پر مکمل وضاحت تک نتائج کی اشاعت کو روکنے کے لئے احکام جاری کرنے کی درخواست کی تھی۔دلائل کی سماعت کے بعد عدالت نے عرضیوں کو مسترد کر دیا۔

○○

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے بی جے پی سے کہا ہے کہ وہ تلنگانہ میں پسماندہ طبقات کی مردم شماری پر اپنا موقف واضح کریں۔ انہوں نے کاماریڈی بی سی ڈکلریشن کے تحت پسماندہ طبقات سے کئے گئے وعدوں کی عدم تکمیل پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ تلنگانہ کمری سنگم کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کویتا نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ ذات پات کے پیشوں پر منحصر عوام کی بہبود کو نظر انداز کر رہی ہے۔ انہوں نے حکومت سے پوچھا کہ کاماریڈی ڈکلریشن کے بشمول مختلف وعدوں کی تکمیل کیوں نہیں ہوئی اور مجالس مقامی کے انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات پر عمل آوری میں تاخیر کیوں ہو رہی ہے۔

○○

کانگریس کے لیڈر اور تلنگانہ اردو کونسل کے صدر نشین سید مجتبیٰ عابدی نے ممتاز قانون داں محمد عثمان شہید ایڈوکیٹ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے ارکانِ خاندان کو پرسہ دیا۔ مجتبیٰ عابدی نے اپنے تعزیتی پیام میں کہا کہ عثمان شہید ایک بیباک قانون داں تھے اور ایک قائد کی حیثیت سے شعلہ بیان مقرر بھی تھے۔

○○

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے آج نارائن پیٹ ضلع کے مکتل ضلع کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے 2028ء تک بھارت کو دنیا کی تیسری بڑی معیشت بنانے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اِس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کریں۔ بنڈی سنجے نے رائے کوڑ گاؤں کا دورہ کیا اور آنگن واڑی سنٹر کا معائنہ کرتے ہوئے بچوں کو دی جارہی تغذیہ بخش غذا کا جائزہ لیا۔ انہوں نے یہ بھی دیکھا کہ حاملہ خواتین کو کس قسم کی غذا دی جارہی ہے۔ وہاں پر بنڈی سنجے نے پانچ حاملہ خاتین میں پھل اور دیگر اشیاء تقسیم کیں۔

○○